Sarfraz Bugti noted that the revival of Pasni Fish Harbour would not only strengthen the local economy but also create new employment opportunities, directly benefiting residents of Gwadar and adjoining coastal areas. He instructed departments to ensure transparency, professional expertise, and adherence to timelines in all measures.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 04 MAR 2026 Page No. 12

## حکومتی وفد کی بی یو جے کے مطالبات وزیر اعلیٰ کے سامنے رکھنے کی یقین دہانی

**آمرانہ دور میں بھی پریس کلبوں کا تقدس ملحوظ رکھا جاتا تھا، موجودہ دور میں تیسری مرتبہ پولیس نے یہ تقدس پامال کیا، صحافی قیادت**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پریس کلب میں گزشتہ روز پیش آنے والے واقعے پر حکومتی وفد نے کوئٹہ پریس کلب آکر پریس کلب اور بی یو جے قیادت سے مذاکرات کیے۔ صحافی قیادت نے اپنے مطالبات پیش کر دیے۔ حکومتی وفد نے مطالبات وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سامنے رکھنے اور ہر ممکن اقدامات کی یقین دہانی کرائی ہے۔ صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ کی قیادت میں مذاکرات کیلئے آنے والے حکومتی وفد میں صوبائی وزیر صنعت سردار کوہیار ڈومکی، پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ ایکسائز محمد خان لہڑی، سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری، وزیر اعلیٰ کے معاون برائے میڈیا و سیاسی امور شاہد رند اور وزیر اعلیٰ کے پریس سیکرٹری سج رزاق شامل تھے جبکہ صدر کوئٹہ پریس کلب عرفان سعید بی یو جے کے صدر منظور احمد پریس کلب سیکرٹری ایوب ترین سیکرٹری بی یو جے شاہ حسین ترین اور سینئر صحافی و مرکزی رہنما پی ایف یو جے سلیم شاہد نے حکومتی وفد سے مذاکرات کیے۔ حکومتی وفد سے مذاکرات میں صحافی قیادت نے 2 مارچ واقعہ کی تفصیلات اور پولیس کی غیر ذمہ دارانہ رویے اور پریس کلب کے تقدس کی پامالی کے حوالے سے وفد کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور اپنے مطالبات پیش کیے۔ صحافی قیادت کا کہنا تھا آمرانہ دور میں بھی پریس کلبوں کے تقدس کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا تھا۔ پریس کلب واحد جگہ ہے جہاں لوگ اپنی فریاد اور مسائل کی دادرسی کیلئے آتے ہیں۔ لیکن موجودہ دور میں تیسری مرتبہ پولیس کی جانب سے بے جا مداخلت کر کے پریس کلب کے تقدس کو پامال کیا گیا ہے جو ناقابل برداشت، آزادی صحافت اور آزادی اظہار رائے پر قدغن ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس عمل کے ذمہ داروں کے خلاف سخت خلاف کارروائی کرے۔

MASHRIQ QUETTA

## ظہور احمد بلیدی کی زیر صدارت فشریز اینڈ ایکوا کلچر ترمیمی بل کا اجلاس

**بل کا مقصد ماہی گیری کے شعبے کو بلیو اکانومی کے جامع فریم ورک میں تبدیل کرنا ہے**

**اجلاس میں ماہیگیروں کی فلاح و بہبود کیلئے فشرز ویلفیئر فنڈ کے قیام کی تجویز پر غور**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی کی زیر صدارت بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر ترمیمی بل 2025 کو حتمی شکل دینے کیلئے کابینہ سب کمیٹی کا تیسرا مسلسل اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں مجوزہ قانون سازی کے اہم نکات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ بل کا مقصد صوبے کے ماہی گیری کے شعبے کو ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے اسے بلیو اکانومی کے جامع فریم ورک میں تبدیل کرنا ہے اجلاس میں بی سی ڈی اے ایکٹ اور چینی فش ہاربر اتھارٹی آرڈیننس کو منسوخ کرنے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا، تاہم متعلقہ اداروں کے ملازمین کے مکمل تحفظ کو یقینی بنانے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ مجوزہ ترامیم کے تحت نئے ڈائریکٹوریٹس کے قیام، وی ایم ایس (ویسل مانیٹرنگ سسٹم) اور ڈیجیٹل مانیٹرنگ نظام کے نفاذ پر بھی غور کیا گیا تاکہ ماہی گیری کے عمل کی موثر نگرانی ممکن ہو سکے۔

## حکومت انفراسٹرکچر کی بہتری کو ترجیح دے رہی ہے، میر سلیم کھوسہ

**دور دراز علاقے موثر مواصلاتی نظام کے متقاضی ہیں، صوبائی وزیر مواصلات، تعمیرات**

**جاری اسکیموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، وفود سے ملاقات میں گفتگو**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان میں سڑکوں اور عوامی انفراسٹرکچر کی بہتری کو اولین ترجیح دے رہی ہے تاکہ عوام کو محفوظ، معیاری اور تیز رفتار سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے کہی، میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ بلوچستان کا وسیع رقبہ اور دور دراز علاقے موثر مواصلاتی نظام کے متقاضی ہیں حکومت نے رواں مالی سال میں اربوں روپے کی لاگت سے مختلف شاہراہوں، پلوں اور سرکاری عمارتوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبے شروع کیے ہیں ان منصوبوں میں دیہی سڑکوں کی بحالی، بین الاضلاعی شاہراہوں کی توسیع اور سیلاب سے متاثرہ انفراسٹرکچر کی تعمیر نو شامل ہے انہوں نے ہدایت کی کہ تمام جاری اسکیموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد سہولیات میسر آسکیں وزیر موصوف نے واضح کیا کہ ناقص میٹیریل کے استعمال یا تاخیر کے ذمہ دار افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

## ڈرگ ریزسٹنٹ ٹی بی مراکز کا قیام سنگِ میل ہے، وفاقی وزارت صحت

**بلوچستان کی جیلوں میں ٹی بی سمیت اہم امراض کی جامع اسکریننگ موثر حکمت عملی کا مظہر ہے، مراسلہ**

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزارت صحت نے حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے میں تپ دق (ٹی بی) کے خلاف اہم اقدامات کو باضابطہ طور پر سراہتے ہوئے انہیں قومی سطح پر نمایاں پیش رفت قرار دیا ہے وزارت صحت کی جانب سے چیف سیکرٹری بلوچستان ....... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کو ارسال کردہ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ صوبے میں ایک ہی مرحلے میں 9 مربوط ڈرگ سینسیٹو اور ڈرگ ریزسٹنٹ ٹی بی (TB-DR/DS) علاج مراکز کا قیام ایک بڑا سنگ میل ہے، جو سروسز کی توسیع اور دور دراز اضلاع میں تشخیص و علاج کی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے پاکستان میں اب تک کی سب سے بڑی صوبائی توسیع قرار دی گئی ہے۔ مراسلے کے مطابق اس اقدام سے پسماندہ اور جغرافیائی طور پر دور علاقوں میں ٹی بی کی معیاری تشخیص اور علاج تک رسائی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ خط میں مزید کہا گیا ہے کہ بلوچستان کی تمام جیلوں میں ٹی بی سمیت دیگر اہم امراض کی جامع اسکریننگ کی تکمیل ایک منظم اور موثر حکمت عملی کا مظہر ہے، جس سے قیدیوں میں بیماری کی بروقت تشخیص اور علاج کی سہولت کو یقینی بنایا گیا ہے۔ وزارت نے 2025 کے دوران منعقدہ جوائنٹ ٹی بی پروگرام ریویو مشن میں صوبائی ٹی بی کنٹرول پروگرام کے فعال کردار کو بھی سراہا

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 04 MAR 2026 Page No. 13


## بلوچستان، خالی اسامیوں پر AI کے ذریعے بھرتیوں کا فیصلہ

**تقرریوں کا عمل دو سے تین ماہ میں مکمل کیا جائیگا، دفاتر میں حاضریاں یقینی بنائی جائیں**

**فائل ٹریکنگ سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر شکایات کو فوری طور پر حل کیا جائے، چیف سیکرٹری**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں خالی آسامیوں پر مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے تحت تعیناتیاں، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، مختلف فورمز پر عوامی شکایات کا ازالہ، گوگل ورک سپیس، دفاتر میں آفیسران و عملے کی حاضری کو یقینی بنانا اور عوام کی معیار زندگی کو مزید بہتر کرنے کے لیے اقدامات پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نے تعیناتیوں کے حوالے سے ایک اہم فیصلہ کیا ہے جس میں میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیوں کو اولین ترجیح دی گئی ہے۔ اس اقدام کا مقصد قابل، محنتی اور اہل افراد کو عہدوں پر لانا ہے تاکہ عوامی خدمات میں بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکموں میں آنے والی خالی آسامیوں پر آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ذریعے تقرریوں کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تقرریاں یہ دو سے تین مہینوں کے دوران مکمل کی جائیں۔ اجلاس کو خالی آسامیوں سے متعلق بریفنگ میں بتایا گیا کہ اب تک 14 ہزار امیدواروں کو تقرری کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ چیف سیکرٹری نے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ وقت پر تکمیل کو یقینی بنائیں جن سے عوام کی معیار زندگی بہتر ہو جائے گی۔ انہوں نے سیکرٹریٹ اور لائن ڈیپارٹمنٹس میں آفیسران اور عملے کی باقاعدہ حاضری کو یقینی بنانے کے لیے سخت ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس کو اس موقع پر بتایا گیا کہ آفیسران کی حاضری میں کافی بہتری آئی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## صوبائی حکومت نے میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیوں کو اولین ترجیح دی، چیف سیکرٹری

**محکموں میں آنے والی خالی آسامیوں پر آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے ذریعے تقرریوں کا عمل مکمل کیا جائے، شکیل قادر خان**

**سیکرٹریٹ و لائن ڈیپارٹمنٹس میں آفیسران اور عملے کی باقاعدہ حاضری یقینی بنانے کیلئے سخت اقدامات اٹھائے جائیں**

**سیکرٹریز فائل ٹریکنگ سسٹم و پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی شکایات فوری حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں، اجلاس میں ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں خالی آسامیوں پر مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے تحت تعیناتیاں، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، مختلف فورمز پر عوامی شکایات کا ازالہ، گوگل ورک سپیس، دفاتر میں آفیسران و عملے کی حاضری کو یقینی بنانا اور عوام کی معیار زندگی کو مزید بہتر کرنے کیلئے اقدامات پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نے تعیناتیوں کے حوالے سے ایک اہم فیصلہ کیا ہے، جس میں میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیوں کو اولین ترجیح دی گئی ہے

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 04 MAR 2026 Page No. 15

## شجرکاری مہم، سیکرٹریٹ کے احاطے میں نرسری کا انعقاد

**یہ اقدام وزیراعلیٰ کے وژن کے تحت سیکرٹری جنگلات کی سربراہی میں اٹھایا گیا ہے**

**تقریب میں سیکرٹری آغا فیصل، چیئرمین سی ایم آئی ٹی، سیکرٹری ماحولیات ودیگر شریک**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان سول سیکرٹریٹ کے احاطے میں موسم بہار کی شجرکاری مہم 2026 کے سلسلے میں پودوں کی فراہمی کے لیے نرسری اسٹال کا باوقار انعقاد کیا گیا۔ یہ اقدام وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات اور وژن کے تحت عمل میں لایا گیا جس کا مقصد صوبے کو سرسبز، صاف اور خوشگوار بنانا ہے۔ اس پروگرام کا انعقاد سیکرٹری جنگلات عمران تاج گچکی کی سربراہی میں کیا گیا جن کی کاوشوں اور خصوصی دلچسپی کے باعث یہ مہم منظم انداز میں شروع کی گئی۔ اس موقع پر سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی آغا فیصل احمد، چیئرمین سی ایم آئی ٹی محمد علی کاکڑ، سیکرٹری ماحولیات بشیر بنگلزئی اور ممبر سی ایم آئی ٹی منظور زہری، سول سیکرٹریٹ آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر امیر حمزہ محمد شہی اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ معزز افسران نے مشترکہ طور پر نرسری اسٹال اور شجرکاری مہم کا افتتاح کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں سبز انقلاب کو فروغ دیا جائیگا۔ اس موقع پر اعلان کیا گیا کہ سول سیکرٹریٹ کے ہر ملازم کو پانچ پانچ درخت فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ انہیں اپنے گھروں، گلی محلوں یا دیگر مناسب مقامات پر لگا کر شجرکاری مہم کا حصہ بن سکیں اور ماحول کو سرسبز بنانے میں عملی کردار ادا کریں۔ مقررین نے کہا کہ درخت لگانے سے نہ صرف ماحول خوشگوار اور خوبصورت بنتا ہے بلکہ فضا صاف ہوتی ہے، درجہ حرارت میں اعتدال آتا ہے اور انسانی صحت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ سرسبز درخت قدرتی حسن میں اضافہ کرتے ہیں، آلودگی کم کرتے ہیں اور آنے والی نسلوں کیلئے ایک صحت مند اور محفوظ ماحول کی بنیاد رکھتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہر فرد اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوئے پودے لگائے اور ان کی باقاعدہ دیکھ بھال بھی کرے۔

## سبی، یوم پاکستان رمضان سپورٹس فیسٹیول کا آغاز

**افتتاحی میچ میں سبی ینگز کلب نے عامر کاؤنٹی کلب کو شکست دیدی**

سبی (پ ر) محکمہ کھیل بلوچستان کے زیر اہتمام ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس سبی رحیم بخش کی نگرانی میں یوم پاکستان 23 مارچ رمضان المبارک سپورٹس فیسٹیول کا آغاز گزشتہ روز پی سی بی گراؤنڈ میں کرکٹ کا افتتاحی میچ سبی ینگز کلب بمقابلہ عامر کاؤنٹی کلب کے درمیان کھیلا گیا۔ پہلے کھیلتے ہوئے عامر کاؤنٹی کلب نے مقررہ اوورز میں 95 رنز کا ہدف دیا۔ بعد میں سبی ینگز کلب نے مقررہ ہدف 5 کھلاڑیوں کے نقصان پر پورا کرلیا۔ افتتاحی میچ کے مہمان خصوصی سماجی شخصیت میر محمد اسلم مری تھے جن کا دونوں ٹیموں کے درمیان تعارف کرایا گیا اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس سبی رحیم بخش جوئیہ، عبدالقیوم جمالی، خدا بخش سیلاچی، بابو موسیٰ خان مگسی، اے ڈی کھوسہ اور اعجاز رند ودیگر ہمراہ تھے۔

INTEKHAB QUETTA

## تنخواہ اور پنشن، سرکاری جامعات کو گرانٹ ان ایڈ جاری

**حکومت بلوچستان نے مجموعی طور پر 85 کروڑ 75 لاکھ 31 ہزار 776 روپے کی گرانٹ ان ایڈ جاری کردی**

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے فروری 2026 کی تنخواہوں اور پنشنز کی ادائیگی کے لئے سرکاری جامعات کو مجموعی طور پر 85 کروڑ 75 لاکھ 31 ہزار 776 روپے کی گرانٹ ان ایڈ جاری کر دی، محکمہ خزانہ کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ کو

بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

28 کروڑ 93 لاکھ 25 ہزار 615 روپے، بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) کو 18 کروڑ 79 لاکھ 21 ہزار 530 روپے، بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، خضدار کو 6 کروڑ 7 لاکھ 15 ہزار 182 روپے، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کوئٹہ کو 9 کروڑ 96 لاکھ 68 ہزار 141 روپے، لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز کو 9 کروڑ 24 لاکھ 13 ہزار 021 روپے، یونیورسٹی آف تربت کو 4 کروڑ 53 لاکھ 82 ہزار 388 روپے، یونیورسٹی آف لورالائی کو 2 کروڑ 74 لاکھ 14 ہزار 779 روپے، میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کو 1 کروڑ 40 لاکھ 66 ہزار 645 روپے، یونیورسٹی آف گوادر کو 1 کروڑ 42 لاکھ 68 ہزار 253 روپے، بولان یونیورسٹی آف ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل سائنسز، کوئٹہ کو 1 کروڑ 10 لاکھ 48 ہزار 445 روپے یونیورسٹی آف مکران پنجگور کو 1 کروڑ 06 لاکھ 00 ہزار روپے، یونیورسٹی آف بلوچستان خاران کیمپس کو 45 لاکھ 07 ہزار 757 روپے فراہم کیے گئے۔ نوٹیفکیشن میں ہدایت کی گئی کہ مذکورہ رقم کی ادائیگی مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق عمل میں لائی جائے۔

## سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بلوچستان کی زیر صدارت اہم اجلاس

**منصوبوں کی بروقت تکمیل، ای فائلنگ اور دیگر امور زیر بحث، نگرانی کا نظام موثر بنانے پر غور**

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کی زیر صدارت محکمہ مواصلات وتعمیرات کی کارکردگی سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمے کے اعلیٰ افسران اور متعلقہ اسٹاف نے شرکت کی اجلاس کا مقصد حالیہ سیکرٹریز کمیٹی اجلاس میں محکمہ کی کارکردگی کے حوالے

بقیہ نمبر 40 صفحہ 5 پر

سے چیف سیکرٹری کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کے لیے موثر اور عملی اقدامات کا جائزہ لینا تھا اجلاس کے دوران محکمہ کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں، فنڈز کے استعمال، منصوبوں کی بروقت تکمیل، ای فائلنگ سسٹم ایف ٹی ایس اور دیگر درپیش انتظامی مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے افسران کو ہدایت دی کہ جہاں جہاں بھی کارکردگی میں کمی یا سستی پائی گئی ہے اسے ہنگامی بنیادوں پر دور کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ محکمے کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوامی مفاد کے منصوبوں اور انتظامی امور کو مقررہ وقت میں مکمل کرے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے اس بات پر زور دیا کہ تمام ڈویژنل اور ضلعی افسران اپنی نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنائیں، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے کہا کہ شفافیت، رفتار اور معیار کو یقینی بنانا ہی محکمے کی ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

CamScanner

# ڈھاڈر میں پاک فوج کی حمایت میں بڑی ریلی

**افواج پاکستان ملکی سلامتی کی ضامن ہیں، پوری قوم اپنے محافظوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، مقررین**

ڈھاڈر (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن (ریٹائرڈ) جہانزیب خان مندوخیل کی ہدایت پر ڈی سی آفس میں پاک فوج کے حق میں ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلعی و دیگر افسران، قبائلی برادری، تاجر، سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کا بنیادی مقصد وطن عزیز کی سلامتی اور دفاع کے لیے پاک فوج کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے اپنی والہانہ حمایت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پورا شہر "پاکستان زندہ باد" کے نعروں سے گونج اٹھا اور شرکاء کا جوش و خروش دیدنی تھا۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاک فوج ملک کی جغرافیائی سرحدوں کی محافظ ہونے کے ساتھ ساتھ اندرونی استحکام اور قومی سلامتی کی ضامن بھی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ دشمن ہمیشہ پاکستان کے خلاف سازشوں میں مصروف رہتا ہے لیکن ہماری بہادر افواج نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جانوں کے نذرانے پیش کر کے ان کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ خاک میں ملایا ہے۔ مقررین کا مزید کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو یا قدرتی آفات میں امدادی سرگرمیاں، افواج پاکستان نے ہر محاذ پر قوم کی بھرپور خدمت کی ہے۔ ریلی کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ملکی دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور عوام اپنی فوج کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑے رہیں گے۔

# خضدار میں عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری

**ڈپٹی کمشنر کا غیر حاضر اساتذہ اور غفلت برتنے والے عملے کے خلاف کارروائی کا حکم**

خضدار (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی سربراہی میں میونسپل کارپوریشن کے آڈیٹوریم میں ایک بڑی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر، ونگ کمانڈر رفاقت، اسسٹنٹ کمشنر رورل [illegible]، اسسٹنٹ کمشنر حفیظ اللہ کاکڑ سمیت تعلیم، صحت، زراعت، لائیو اسٹاک اور مواصلات و تعمیرات کے تمام ضلعی افسران موجود تھے۔ شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، نکاسی آب اور امن و امان سے متعلق اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے عوامی شکایات پر فوری ایکشن لیتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی اور محکمہ صحت کے حکام کو ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کچہریوں کا مقصد حکومت اور عوام کے درمیان فاصلوں کو ختم کر کے ریلیف کی دہلیز پر فراہمی یقینی بنانا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 04 MAR 2026 Page No. 17


## سیاسی رہنما: صورتحال انتہائی سنگین، مشترکہ لائحہ عمل تشکیل دینے کی ضرورت ہے

**گفت وشنید کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا، سابق گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ کی رہائش گاہ پر سیاسی بیٹھک**

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی رہنماؤں کا بڑا سیاسی نشست بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنما سابق گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ نے اپنی رہائش گاہ کچلاک میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کے اعزاز میں پرتکلف افطار پارٹی دی افطار پارٹی میں نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلی بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل واجہ جہانزیب بلوچ، جمعیت علما اسلام کے رہنما سابق ایم این اے مولوی قمرالدین، پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر داود شاہ، ہزارہ ڈیموکریٹک کے احمد کوہزادسمیت ملک نصیر شاہوانی ثنا بلوچ، نیشنل پارٹی کے ڈاکٹر اسحاق بلوچ چیرمین اسلم بلوچ، میر عبدالخالق، چیرمین محراب بلوچ علی احمد بلوچ ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کیرہنما قادر نائل، داود چنگیزی، احمد یاری، جمعیت علمائے اسلام کے منظور احمد مینگل اور ملک عبدالمجید کاکڑ ملک عبدالرشید کاکڑ شریک تھے ۔ سیاسی رہنماؤں نے ملکی بین الاقوامی بالخصوص بلوچستان کی موجودہ گھمبیر صورتحال پر انتہائی تشویشناک قرار دیتے ہوئے اس امر پر اتفاق کیا کہ موجودہ صورتحال میں سیاسی جماعتوں کو عظیم تر عوامی مفاد میں مشترکہ لائحہ عمل تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس کے لیئے گفت وشنید کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا، شرکا نے ملک عبدالولی کاکڑ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے واضح کیا کہ قومی تحریک میں شامل رہبر ملک عبدالعلی کاکڑ کی یہ رہائش گاہ بلوچستان کے سیاسی اکابرین کا آماجگاہ رہا ہے امید ہے یہ سلسلہ جاری رہیگا۔

MASHRIQ QUETTA

## سافٹ ویئر و آئی ٹی بیسڈ سسٹم کنسلٹنٹ رجسٹریشن مکمل کرائیں، بی آر اے

**بی آر اے رضاکارانہ ٹیکس تعمیل کے فروغ کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے، ترجمان**

کوئٹہ (ح ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے میں خدمات فراہم کرنے والے سافٹ ویئر اور آئی ٹی بیسڈ سسٹم ڈویلپمنٹ کنسلٹنٹس کو ہدایت کی ہے کہ وہ رضاکارانہ طور پر اتھارٹی کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور ٹیکس قوانین کے مطابق اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ اتھارٹی کے مطابق بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) ایکٹ 2015 کے تحت سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، آئی ٹی سسٹم کی تیاری، ڈیجیٹل سلوشنز اور متعلقہ کنسلٹنسی خدمات پر ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

2 فیصد سیلز ٹیکس عائد ہے۔ بی آر اے نے آئی ٹی شعبے سے وابستہ ماہرین اور کمپنیوں پر زور دیا ہے کہ وہ کاروباری سرگرمیوں کو قانونی دائرہ کار میں لاتے ہوئے بروقت رجسٹریشن اور ٹیکس ریٹرن فائلنگ کو یقینی بنائیں۔ بی آر اے صوبے میں ٹیکس نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے، ڈیجیٹل معیشت کو دستاویزی بنانے اور رضاکارانہ ٹیکس تعمیل کے فروغ کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے اس سلسلے میں آئی ٹی سیکٹر کو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے تاکہ نوجوان آئی ٹی پروفیشنلز اور سافٹ ویئر ہاؤسز کو آسان اور شفاف ٹیکس نظام فراہم کیا جا سکے۔ اتھارٹی نے واضح کیا ہے کہ رضاکارانہ رجسٹریشن نہ صرف قانونی تقاضوں کی تکمیل ہے بلکہ اس سے کاروباری اعتماد میں اضافہ اور صوبے کی معاشی ترقی میں بھی مدد ملتی ہے۔ بی آر اے نے تمام آئی ٹی کنسلٹنٹس سے اپیل کی ہے کہ وہ بروقت رجسٹریشن اور ریٹرن فائلنگ کو یقینی بنا کر قومی ذمہ داری ادا کریں۔

MASHRIQ QUETTA

## مکران ورخشاں کا دارومدار سرحدی تجارت سے وابستہ ہے، نیشنل پارٹی

**ایران امریکہ جنگ کے باعث سرحدی آمدورفت معطل ہو کر رہ گئی، رحمت صالح بلوچ**

**بلوچستان کے عوام ایران کے ساتھ ہیں، ایرانی قونصلیٹ میں فاتحہ خوانی کے موقع پر گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے ایران، اسرائیل اور امریکہ کے درمیان جاری جنگ کے بعد بلوچستان کے سرحدی علاقوں کے عوام کو درپیش سنگین مشکلات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے سرحدی اضلاع خصوصا مکران اور رخشاں ڈویژن کی معیشت کا بڑا حصہ ایران کے ساتھ سرحدی تجارت سے وابستہ ہے، گزشتہ چار روز سے جاری ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

جنگی صورتحال کے باعث سرحدی آمدورفت معطل ہو کر رہ گئی ہے جس کے نتیجے میں روزگار سے وابستہ ہزاروں افراد شدید متاثر ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ سرحدی بندش کے باعث نہ صرف پیٹرول اور ڈیزل کی فراہمی متاثر ہوئی ہے بلکہ اشیاء خورد و نوش، روزمرہ استعمال کی اشیا اور دیگر ضروری سامان کی قلت کا بھی خدشہ پیدا ہو گیا ہے اگر صورتحال طول پکڑتی ہے تو عوام کو مہنگائی اور بیروزگاری کے مزید مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں، متبادل سپلائی لائنز کو فعال کریں اور سرحدی علاقوں کے لیے خصوصی ریلیف پیکیج کا اعلان کریں تاکہ عام آدمی کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

## حکومت اقوام کی شناخت پر کاری ضرب لگانے کا ارادہ رکھتی ہے، نواب رئیسانی

**خودمختار اداروں کو محکمہ تعلیم یا ثقافت کے زیر انتظام لانے کا مقصد انکی افادیت پر قدغن لگانا ہے، چیف آف سراوان**

**صوبائی حکومت نے سماجی، معاشی اور سیاسی شعبوں میں تباہی پھیلانے کے سوا اب تک کچھ نہیں کیا، نوابزادہ لشکری رئیسانی**

کوئٹہ (آن لائن) سرسرداران سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی اور نوابزادہ لشکری رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بڑے ادبی ادارے خودمختار حیثیت سے زبان و ادب کی خدمت کر رہے ہیں، انہیں محکمہ تعلیم یا محکمہ ثقافت کے زیر انتظام لانے کا مقصد ان کی افادیت اور سرگرمیوں پر قدغن لگانا ہے جس کی اسمبلی کے اندر اور باہر بھرپور مخالفت کی جائے گی، حکومت بلوچستان میں بسنے والی اقوام کی شناخت، زبان......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

، ادب اور ثقافت پر کاری ضرب لگانے کا ارادہ رکھتی ہے ایسے اقدام قابل قبول نہیں، یہ بات انہوں نے بلوچستان کے ادبی و لسانی اداروں (اکیڈمیز) کے عہدیداروں پر مشتمل وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، وفد میں چیئرمین بلوچی اکیڈمی ہیبتان عمر، چیئرمین براہوئی اکیڈمی پروفیسر ڈاکٹر سوسن براہوئی، ہزارگی اکیڈمی کے چیئرمین احمد علی بیگ اور پشتو اکیڈمی کے جنرل سیکرٹری نقیب اللہ احساس شامل تھے۔ سرسرداران سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے مزید کہا کہ ملک کا آئین ہر شہری کو اپنی زبان و ثقافت کو زندہ کرنے اور اس کیلئے جدوجہد کرنے کا حق دیتا ہے، بلوچستان کے بڑے ادبی ادارے کئی سالوں سے خودمختار حیثیت سے زبان و ادب کی خدمت کر رہے ہیں، ان خودمختار اداروں کو محکمہ تعلیم یا محکمہ ثقافت کے زیر انتظام لانے کا مقصد ان کی افادیت اور سرگرمیوں پر قدغن لگانا ہے جس کی اسمبلی کے اندر اور باہر بھرپور مخالفت کی جائے گی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 04 MAR 2026 Page No. 18


# افغان طالبان کے بلوچستان اور کے پی میں حملے ناکام، پاک فوج کی جوابی کارروائی میں 67 خوارج ہلاک

**افغان طالبان نے شمالی بلوچستان میں قلعہ سیف اللہ، نوشکی اور چمن اضلاع میں 16 مقامات پر زمینی حملے کیے جبکہ 25 مقامات پر پاک افواج کے خلاف فائر ریڈ کی کارروائیاں کیں**

**فورسز نے حملوں کو مؤثر طور پر پسپا کر دیا، افغان طالبان کے 27 کارندے ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے، مادر وطن کا دفاع کرتے ہوئے ایف سی کا ایک جوان شہید، 5 زخمی ہو گئے**

**خیبر پختونخوا میں زمینی حملے کی کوشش کی گئی جبکہ 12 مقامات پر فائر ریڈ کیا گیا، جنہیں بغیر کسی جانی نقصان کے ناکام بنا دیا گیا، افغان طالبان کے 40 کارندے ہلاک ہوئے، عطا تارڑ**

**آپریشن غضب للحق کے تحت افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف زمینی اور فضائی تابڑتوڑ کارروائیوں کے نتیجے میں صوبہ ننگر ہار میں خوگانی بیس کو تباہ کر دیا گیا، سکیورٹی ذرائع**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ افغان طالبان نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں متعدد حملے کیے، پاک فوج کی جوابی کارروائی میں 27 کارندے ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ آپریشن غضب للحق کے حوالے سے اپنے تازہ ترین بیان میں کہا کہ بلوچستان میں افغان طالبان نے شمالی بلوچستان میں قلعہ سیف اللہ، نوشکی اور چمن اضلاع میں 16 مقامات پر زمینی حملے کیے جبکہ 26 مقامات پر پاک افواج کے خلاف فائر ریڈ کی کارروائیاں کیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام مقامات پر حملوں کو مؤثر طور پر پسپا کر دیا گیا، جس کے نتیجے میں افغان طالبان کے 27 کارندے ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ مادر وطن کا دفاع کرتے ہوئے ایف سی بلوچستان نارتھ کا ایک جوان شہید، پانچ جوان زخمی ہوئے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایک مقام پر زمینی حملے کی کوشش کی گئی جبکہ 12 مقامات پر فائر ریڈ کیا گیا، جنہیں بغیر کسی جانی نقصان کے........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ناکام بنا دیا گیا۔ وزیر اطلاعات کے مطابق خیبر پختونخوا میں رات بھر جاری کارروائیوں کے دوران افغان طالبان کے 40 کارندے ہلاک ہوئے، فالو اپ آپریشنز تاحال جاری ہیں، آپریشن کی تفصیلی اپڈیٹ کچھ وقت میں جاری کی جائے گی۔ آپریشن غضب للحق کے تحت افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف افواج پاکستان کی زمینی اور فضائی تابڑتوڑ کارروائیوں کے نتیجے میں افغان صوبہ ننگر ہار میں کارروائی کرتے ہوئے خوگانی بیس کو تباہ کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج اور افغان طالبان کو مختلف محاذوں پر پسپائی کا سامنا ہے، آپریشن اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہے گا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن غضب للحق کے تحت کارروائیاں طے شدہ اہداف کے مکمل حصول تک جاری رہیں گی۔

## ڈیرہ بگٹی: قبائلی رہنما کے گھر پر دستی بم حملہ، بیٹا جاں بحق

**دوسرا بیٹا زخمی ہو گیا، مسلح موٹر سائیکل سوار حملے کے بعد فرار**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں قبائلی شخصیت کے گھر پر مسلح افراد کا دستی بم حملہ ایک بیٹا جاں بحق جبکہ دوسرا بیٹا شدید زخمی ہو گیا ملزمان فرار ہو گئے پولیس کے........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

مطابق ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں قبائلی شخصیت وڈیرہ شیر دل کرمزی بگٹی کے گھر پر نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے دستی بم پھینک دیا جو کہ زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں وڈیرہ شیر دل بگٹی کے بیٹے جبار بگٹی موقع پر جاں بحق جبکہ انکا دوسرا بیٹا عزیز بگٹی شدید زخمی ہو گیا واقعے کے بعد مسلح افراد فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئے واقعے میں مرنے والے اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی

## خضدار، وڈھ پولیس کی کارروائی بین الصوبائی اسمگلرز گرفتار، 10 کلو چرس برآمد

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار، وڈھ پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی اسمگلرز کو گرفتار کر لیا ملزم کے قبضے سے 10 کلو گرام چرس اور اے ٹی سی ٹرک برآمد کر لی گئی تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر اور ایڈیشنل ایس پی عبدالقدوس دہوار کے خصوصی احکامات کی روشنی میں خضدار پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف جاری مہم کے تحت وڈھ سرکل میں کامیاب کارروائیاں عمل میں لائی گئیں ڈی ایس پی وڈھ سرکل محمد امین لاسی کی نگرانی میں ایس ایچ او وڈھ عبدالرحیم جمعہ، محمد صالح نے اپنی ٹیم کے ہمراہ وڈھ میں کارروائی کرتے ہوئے منشیات اسمگلنگ میں ملوث ملزم لیاقت علی کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزم کے قبضے سے 10 کلو گرام چرس اور اے ٹی سی ٹرک برآمد کر لی گئی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## ڈھاڈر، نامعلوم افراد سرکاری دفتر پر ہینڈ گرنیڈ پھینک کر فرار

**عمارت کو معمولی نقصان، جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس اور انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی، تحقیقات شروع**

کوئٹہ (آن لائن) ڈھاڈر کے علاقے میں نامعلوم افراد کی جانب سے سرکاری دفتر پر پھینکا گیا دستی بم احاطے میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے عمارت کو نقصان پہنچا، اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈھاڈر میں سرکاری دفتر پر نامعلوم موٹر سائیکل سوار دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے جو احاطے میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے عمارت کو معمولی نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس اور انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لیکر تحقیقات شروع کر دی۔

## بھاگ میں نوجوان قتل

بھاگ (نامہ نگار) پولیس صدر تھانہ بھاگ کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہو گیا جس کی شناخت نظام علی ولد نگری محمد بخش بھنڈ کے نام سے ہوئی مزید تفتیش بھاگ پولیس کر رہی ہے۔

## حب، 30 سالہ نوجوان کی جھاڑیوں سے لاش برآمد، ہسپتال منتقل

حب (نمائندہ انتخاب) حب ناکہ پل کے نیچے جھاڑیوں سے ایک شخص کی نعش برآمد شناخت کیلئے حب اسپتال منتقل کر دیا گیا اس حوالے سے ایدھی ریسکیو ذرائع کے مطابق منگل کے روز ایک اطلاع ملنے پر ایدھی ریسکیو ٹیم نے حب ناکہ پل کے نیچے جھاڑیوں سے 30 سالہ ایک شخص کی نعش بقیہ نمبر 16 صفحہ 5 پر

برآمد کر کے شناخت کیلئے جام غلام قادر گورنمنٹ اسپتال حب منتقل کر دیا تاہم شناخت نہ ہونے کے سبب نعش ایدھی سرد خانہ سوراب گوٹھ کراچی منتقل کر دیا گیا متوفی نشے کا عادی بتایا جاتا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 04 MAR 2026 Page No. 19


## تربت سمیت مکران ڈویژن میں ایران، امریکہ کشیدگی کے اثرات

### مختلف شہروں میں ایرانی پیٹرول اور ڈیزل کی شدید قلت سے عوام پریشان

تربت (این این آئی) تربت سمیت مکران ڈویژن میں ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے اثرات واضح طور پر سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں سرحدی علاقوں میں ایرانی تیل کی ترسیل متاثر ہونے کے باعث مکران کے مختلف شہروں میں پیٹرول اور ڈیزل کی شدید قلت پیدا ہو گئی ہے، جس کے نتیجے میں قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق ایرانی تیل کی فی لیٹر قیمت میں 30 سے 40 روپے تک...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

اضافہ ہو چکا ہے، جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ واضح رہے کہ مکران سمیت بلوچستان کے کئی سرحدی علاقوں میں بڑی تعداد میں لوگ ایرانی تیل استعمال کرتے ہیں، جو مقامی مارکیٹ میں نسبتاً سستا اور آسانی سے دستیاب ہوتا ہے، تاہم حالیہ علاقائی صورتحال کے باعث اس کی سپلائی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ تیل کی قلت کے باعث ٹرانسپورٹ کے شعبے پر بھی منفی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے کہ اگر موجودہ صورتحال برقرار رہی تو کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہو گا، جس کا براہ راست بوجھ عام شہریوں پر پڑے گا۔


Century Express Quetta


## دالبندین، رمضان میں مٹن کی قلت سے عوام پریشان

### بارڈر بندش کے باعث مویشی ملنا مشکل، قصائی، شہریوں کا مسئلہ حل کرنیکا مطالبہ

دالبندین (نمائندہ ایکسپریس) دالبندین میں ماہ صیام مٹن کی قلت پیدا ہو گئی ہے جس کے باعث شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس وقت قصائیوں کے پاس صرف دنبے کا گوشت دستیاب ہے، جبکہ زیادہ تر لوگ مٹن کا گوشت استعمال کرتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پورے شہر میں بکری کا گوشت بالکل دستیاب نہیں جس کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس حوالے سے ایک قصائی نے بتایا کہ مال مویشی کی فراہمی کا انحصار افغانستان سے آنے والے جانوروں پر ہوتا ہے، چاغی، نوکنڈی اور چمن بارڈر کے راستے مال مویشی لایا جاتا ہے تاہم افغانستان بارڈر کی مکمل بندش کے باعث مال مویشی کی شدید قلت پیدا ہو گئی ہے۔ مقامی سطح پر اتنا مال مویشی موجود نہیں کہ طلب پوری کی جا سکے۔ شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پاک افغان سرحد پر مال مویشی کی آمد و رفت میں سہولت فراہم کی جائے۔


INTEKHAB QUETTA


## حب: ماہ صیام میں طویل لوڈشیڈنگ جاری، روزہ داروں کو مشکلات

### اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی متاثر، دن میں بمشکل تین گھنٹے بجلی فراہم کی جا رہی ہے، متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

حب (نمائندہ انتخاب) حب میں بجلی کی اعلانیہ و غیر لوڈشیڈنگ نے عوام کی چیخیں نکال دی، طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کے سبب کاروباری سرگرمیاں بھی ٹھپ ہو کر رہ گئیں، K الیکٹرک حب انتظامیہ کی جانب سے رمضان المبارک میں ریلیف دینے کے دعوے محض دعووں تک محدود، رات کے وقت بجلی کی لوڈشیڈنگ میں مزید ڈیڑھ سے 2 گھنٹے کا اضافہ کر دیا، رات کے 1 بجتے ہی پورے شہر کی بجلی بند ہونا معمول بن گیا، دن کے وقت بجلی نہ ہونے کے برابر، حب کے عوام کو صبح سویرے سے لیکر شام تک بمشکل 3 گھنٹے بجلی دیا جانے لگا اس حوالے سے بتایا جاتا ہے حب شہر میں K الیکٹرک کی اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں بھی تھم نہ سکی عوام و روزہ داروں کو ریلیف دینے کے بجائے بجلی کی لوڈشیڈنگ میں مزید 2 گھنٹے کا اضافہ کر دیا گیا دن کے وقت بجلی نہ ہونے کے برابر اور رات کے 1 بجتے ہی بجلی بند ہونے لگی حب میں 17 سے 18 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کو اذیت میں مبتلا کر دیا حب میں K الیکٹرک انتظامیہ کی جاری زیادتیوں اور طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کے حوالے سے حب کے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ماہ رمضان المبارک سے قبل حب کے عوام کو ریلیف بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

دینے کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر حب کی صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا تھا جس میں مختلف سرکاری محکموں و دیگر اداروں کے افسران نے شرکت اور رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا عزم کیا گیا تاہم K الیکٹرک انتظامیہ کی جانب سے نہ تو حب کے عوام کو ریلیف مل سکا ہے اور نہ ہی بجلی کی لوڈشیڈنگ میں کمی لائی جا سکی ہے بلکہ لوڈشیڈنگ کے اوقات کار میں مزید 2 گھنٹے کا اضافہ کر کے شہریوں کو اذیت میں مبتلا کر دیا گیا K الیکٹرک انتظامیہ کی جانب سے صبح سویرے بجلی بند کر دی جاتی ہے اور فجر کی نماز بھی فرزند اسلام اندھیرے میں پڑھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اسی طرح سے پورے دن میں بمشکل سے 3 گھنٹے بجلی بحال ہونے لگی اور رات کے وقت دوہرے لوڈشیڈنگ ہونے لگا ہے انہوں نے کہا کہ K الیکٹرک کی طویل اعلانیہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے سبب ایک طرف حب کے عوام و روزہ داروں کو پریشانی اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو دوسری جانب کاروباری سرگرمیاں بھی ٹھپ ہو کر رہ گئیں ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5

Dated: 04 MAR 2026 Page No. 20


علاقہ مکین

## حلقہ پی بی 44 تمام بنیادی حقوق سے محروم عوام کا کوئی پرسان حال نہیں

حلقہ پی بی 44 اس وقت کئی مشکلات کا سامنا کر رہا ہے، جہاں بنیادی انسانی سہولیات کا شدید فقدان ہے اور عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے

[illegible]

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 04 MAR 2026 Page No. 21

## حکومت کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ اس وقت ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بہت ہی زیادہ ہیں جس کے باعث مہنگائی بھی ہے کیونکہ پیٹرولیم مصنوعات ایک بنیادی استعمال کی شے ہے اس کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ سے ہی اشیائے خوردونوش کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں جس سے ایک غریب آدمی براہ راست متاثر ہوتا ہے اس وقت ملک میں عوام کی اکثریت غریب افراد پر مشتمل ہے اس میں ایسے لوگ بھی ہیں جو ایک وقت کے کھانے کیلئے ترس رہے ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ حکومت اس سلسلے میں مہنگائی کو کم کرنے کی بجائے اس میں اضافہ کر رہی ہے حالانکہ وزیراعظم سمیت دیگر وفاقی وزراء متعدد بار مہنگائی کم کر کے عوام کو ریلیف دینے کے بارے میں اعلانات کر چکے ہیں لیکن ان پر عملدرآمد ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔

گزشتہ روز وفاقی حکومت نے ایک بار پھر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرتے ہوئے پیٹرول 8 روپے اور ہائی سپیڈ ڈیزل 5 روپے فی لیٹر مہنگا کرنے کا اعلان کر دیا جس سے مہنگائی کا طوفان آنے کا خدشہ ہے جیسا کہ اوپر درج کیا جا چکا ہے کہ اس وقت ملک میں پہلے سے مہنگائی زیادہ ہے جس کی چکی میں غریب عوام بری طرح پس رہی ہے ان کو ریلیف دینے کے وعدوں اور دعوؤں پر کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوتے ہی ٹرانسپورٹروں نے اپنے کرایے بڑھانے کا فیصلہ کر لیا ہے اب اس سے عید کے موقع پر اپنے علاقوں میں عید منانے کیلئے جانے والے پردیسیوں کیلئے ایک اور مشکل بن رہی ہے جس سے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس عید پر شاید کافی پردیسی اپنے آبائی علاقوں میں اپنے گھر والوں کے ساتھ عید نہیں منا سکیں گے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت کو اس سلسلے میں احسن اقدامات کرتے ہوئے بڑھتی ہوئی مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے اقدامات کرنے چاہئیں اس کو مہنگائی کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے منسلک نہیں کرنا چاہئے اگر بالفرض عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو حکومت کو اس کو کسی اور مد میں ڈال کر عوام پر اس کا بوجھ نہیں ڈالنا چاہئے کیونکہ اب عوام میں مزید مہنگائی کا بوجھ اٹھانے کی سکت نہیں رہی یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ حکومت جب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھاتی ہے تو اس کے جواب میں ٹرانسپورٹرز اپنے کرایے فوری طور پر زیادہ کر لیتے ہیں جس کا جواز پیٹرولیم مصنوعات کا مہنگا ہونا بتاتے ہیں اور اس بہتی گنگا میں نہاتے ہوئے اپنی طرف سے بھی مہنگائی بڑھا دیتے ہیں اس طرح ان کو ڈبل فائدہ جبکہ عوام کو شدید نقصان ہوتا ہ اس طرح دوسری جانب جب پیٹرولیم مصنوعات سستی ہوتی ہیں تو اس موقع پر یہ مافیا اپنے کرایوں میں کمی نہیں کرتے اور معاملے کو اسی طرح چلتا رہنے دیتے ہیں جو کہ عوام کے ساتھ بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے اس لیے اس کا مداوا کرنا بہت ہی ضروری ہے حکومت کو اس سلسلے میں احسن اقدامات کرنے چاہئیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 04 MAR 2026 Page No. 22

# Evolving water policy

Pakistan's uncontrolled population growth, changing climate patterns, and poor planning have led to the depletion of the country's resources, particularly water. The country has been confronting water scarcity for a long time, but no effective water storage strategy has been adopted by successive governments. If serious steps are not taken, the water crisis will become graver in the coming days. In case the government fails to devise a viable strategy on an effective conservation and storage plan now, per capita water availability will decrease significantly. According to a report released by the Pakistan Council of Research in Water Resources (PCRWR), the country touched the "water stress line" in 1990 and crossed the "water scarcity line" in 2005. Needless to say, this will have a drastic effect on the country. Sadly, the country's water storage capacity is one of the lowest in the world, and its per capita capacity of 121 cubic metres is equal to that of Ethiopia. The per capita storage capacity of some developed countries, such as the United States and China, is over 2,000 cubic metres. Even India, which is several times more populous than Pakistan, has a per capita storage capacity of 200 cubic metres. The storage capacity of Pakistan's major national reservoirs manages only 10 per cent of annual inflow against the world average of 40 per cent. This is the reason for the decrease in water storage capacity to less than 30 days against a minimum requirement of 120 days. The water situation in Balochistan in general and its capital, Quetta, in particular, has become a serious problem. The groundwater level has dropped to an alarming level owing to overpumping. The authorities concerned still lack proper planning and strategies to meet the water crisis in the coming days. The city, having a population of over 3 million, relies solely on groundwater. The alarmingly depleting level of groundwater is dangerous, and the government must realise the gravity of this issue before the city runs completely dry. It must take appropriate steps, such as building multipurpose dams, and strengthening of the existing reservoirs. The Water Apportionment Accord of 1991 must be implemented to bridge inter-provincial differences. The government must also work on spreading awareness about the proper use of water. The government must ban vehicle service centres where clean and pure water is excessively used for car washing. The government should also install water recycling plants so that recycled water can be utilised for purposes other than drinking.

CamScanner

